© rasailojaraid.com



# زبان میری ہے بات ان کی

ساغر اقبالی

O کبھی پلاٹ یا مالی مفاد حاصل نہیں کیا۔ (صدر اسحاق)

سمندر میں رہنے والے کا دریا سے کیا کام؟

O پنجابی سیاست دانوں نے ذلت آمیز کردار ادا کیا۔ (کھر)

اپنے عہدِ اقتدار کی بات کر رہے ہیں آپ؟

ویسے بھی سیاست دان ذلت اور ذلالت سے مالا مال ہیں۔

O جنگل افسروں نے لاکھوں کی قیمتی لکڑی، ایندھن کے بھاؤ بیچ ڈالی۔ (ایک خبر)

"فارسٹ آفیسر" کا مطلب ہی یہی ہے۔

O عارف لوہار پنجاب کا مائیکل جیکسن ہے۔ (البیلا)

شیخ رشید فوراً متوجہ ہوں۔

O میر خلیل الرحمن نے صحافت کو عبادت سمجھا۔ (خطیب شاہی مسجد عبد القادر آزاد)

برہنہ اور نیم برہنہ تصاویر شائع کرنا عبادت ہے؟ مولانا صاحب۔

O پی آئی اے سے تنخواہ نہیں لیتا۔ (مینجنگ ڈائریکٹر)

جس شخص کو اُوپر سے کمائی نہیں ہوتی
سوسائٹی اس کی کبھی ہائی نہیں ہوتی

O حاکم علی زرداری کی صدر مملکت سے ملاقات۔ (ایک خبر)

صدر صاحب! آصف علی زرداری کے بارے میں کچھ سوچیں۔ وہ ان دنوں پھر فارغ ہیں۔

O بے نظیر کے خلاف ریفرنس واپس ہوں گے۔ (غوث علی شاہ)

"نمک مکا نظام" کی واضح مثال!

O حالات سے تنگ آ کر کالج ملازم نے گلے میں پھندا ڈال کر خودکشی کر لی۔ پولیس کارروائی میں مصروف ہے۔ (ایک خبر)

گھر والوں کو مزید پریشان کرنے کے سوا کیا کارروائی ہو گی۔

O امریکی خاتون کے ہاں بیک وقت چھ بچوں کی پیدائش۔ (ایک خبر)

فیملی پلاننگ کے خلاف سنگین سازش!

O میں ملک کا بادشاہ ہوں نہ ڈکٹیٹر۔ (صدر الطوق)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



واہ! واہ! تیریاں لہریاں!

○ گوہر ایوب پر قوم کو فخر ہے۔ (چوہدری پرویز الٰہی)

پرانے کارناموں پر!

○ کونسلر میاں شجاع الرحمن نے سکول پر قبضہ کر کے کتے اور مویشی باندھ دیئے اور پہرہ لگا دیا۔ (ایک خبر)

نظامِ تعلیم کی ترقی کی ایک جھلک۔

○ صدر کی ہدایت پر مظفر علی شاہ کی بے نظیر سے ملاقات! (ایک خبر)

یہ آپ کو نئے نئے گر بتائے گی۔

○ اداکارہ رانی کی وفات پر شیخ رشید کا اظہارِ غم۔ (ایک خبر)

طوائفوں اور مراثیوں کی کارپوریشن کا سینٹری انسپکٹر!

○ ذوالفقار علی کھوسہ اور غلام ... بانی کھر نے رشوت لینے کے الزام میں معطل اینٹی کرپشن کے افسر کو بحال کرا دیا۔ (ایک خبر)

ہر شاخ پہ الو بیٹھا ہے، انجامِ گلستاں کیا ہوگا

○ نواز شریف اور بے نظیر دونوں ٹھگ ہیں۔ (پیر پگاڑہ)

آپ ٹھگوں کے بادشاہ ہیں۔

○ منصفانہ انتخابات کے لئے دولت کے بے پناہ استعمال پر پابندی لگائی جائے۔ (نوابزادہ نصر اللہ)

کہ اس دھندے میں میری کافی زمین بک چکی ہے۔

○ کاش اقوامِ متحدہ میں بے نظیر بھٹو کشمیر کا کیس پیش کریں۔ (دلدار پرویز بھٹی)

جیسے ان کے والد نے مشرقی پاکستان کا کیس پیش کیا تھا۔

○ پیر پگاڑا علیل ہو گئے۔ (ایک خبر) کمینے علیل ہو لئے۔


# سبائی فتنہ (جلد اوّل)

تالیف
مولانا ابو ریحان سیالکوٹی

● اہلسنت کا روپ دھار کر رفض و سبائیت پھیلانے والے چکوالی فرقہ کے باطل افکار و خیالات کا مدلل، علمی و تحقیقی محاسبہ۔

● ایک تہلکہ خیز کتاب، جس نے نام نہاد تقدس مآبوں کی کمین گاہوں میں زلزلہ برپا کر دیا۔

کمپیوٹر کتابت ○ اعلیٰ طباعت ○ ۵۶۸ صفحات ○ قیمت ۱۵۰/- روپے

بخاری اکیڈمی، دارِ بنی ہاشم، مہربان کالونی ملتان، فون: ۱۹۶۱۱...

© rasailojaraid.com